**Shabbir / Fazil**

**01-03-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنئی ای کی امریکی اسرائیلی ہوائی حملوں میں موت ہوگئی ہے۔ ایران میں 40 دن تک سرکاری سوگ کا اعلان کیا گیا ہے۔

2- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کئی خلیجی ملکوں کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ بات چیت کی ہے۔ انہوں نے مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے کشیدگی کم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

3 - مغربی ایشیاء میں بھارتی سفارتخانوں نے، بھارتی شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اُن کی طرف سے جاری کی گئی ایڈوائزری پر عمل کریں۔

4- شہری ہوابازی کی وزارت نے اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر آج 444 پروازیں منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔

5- وزیر اعظم نریندر مودی آج تمل ناڈو اور پڈوچیری میں7 ہزار ایک سو کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

6- پاکستان، سری لنکا سے میچ جیتنے کے باوجود ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ سے باہر ہوگیا ہے، جبکہ نیو زیلینڈ سیمی فائنل میں پہنچ ہوگیا ہے۔

7- اور آج شام کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں اپنے فائنل Super Eight مقابلے بھارت ویسٹ انڈیز کا مقابلہ کرے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev.US Israel Iran War

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنئی ای کی امریکی-اسرائیلی ہوائی حملوں میں موت ہوگئی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر ٹرمپ کہا کہ خامنئی ای کی موت ایرانی عوام کیلئے

اپنے ملک کو دوبارہ واپس لینے کیلئے ایک سب سے بڑا موقع ہے۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ مخصوص نشانوں پر شدید بمباری ایک ہفتے یا اس سے بھی زیادہ عرصے تک جاری رہے گی۔

ایران کے سپریم لیڈر کی موت امریکی اور اسرائیلی ہوائی جہازوں کی مشترکہ بمباری کے بعد ہوئی، جنہوں نے ایران کے فوجی اور سرکاری مقامات کو نشانہ بنایا تھا۔

ایران کے سرکاری ٹی وی نے آیت اللہ علی خامنٰی ای کی موت کی تصدیق کر دی ہے۔ اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ ہوائی حملوں میں ایران کے تقریباً 40 اہلکار بھی ہلاک ہوئے ہیں۔ ایران میں 40 دن کا سرکاری سوگ کا اعلان کیا گیا ہے۔ ایران کے سرکاری میڈیا نے اطلاع دی ہے کہ کم سے کم 201 افراد ہلاک اور 700 سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔

جواب میں ایران نے دبئی، دوحہ، بحرین اور کویت میں امریکی اہوائی اڈّوں پر حملے شروع کر دیے ہیں، جو امریکہ کے اتحادی ممالک ہیں۔

امریکہ اور اسرائیل نے کل پورے تال میل کے ساتھ ہوائی حملے کیے تھے، جس سے مغربی ایشیاء میں کشیدگی میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے اور جس کے نتیجے خطّے میں بڑے پیانے پر جوابی ردّعمل سامنے آیا۔ تہران میں سپریم لیڈر خامنٰی ای کے دفاتر کے نزدیک اور ایران کے کئی شہروں میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔

ایران نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے مغربی ایشیاء میں اسرائیل اور امریکہ کے فوجی اڈّوں پر میزائل اور ڈرون سے حملے کیے۔ اس دوران ایک دوسرے پر فائرنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اسرائیل کے وزیر دفاع اسرائیل Katz نے اسرائیل میں ایمرجنسی کا اعلان کیا ہے اور پورے ملک میں سائرن کی آوازیں سنائی دے رہی ہیں۔ ×

UNSC Meeting

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گُتریس نے ایران پر امریکی-اسرائیلی ہوائی حملوں کی مذمت کی ہے اور فوری طور پر مذاکرات کی اپیل کی ہے تاکہ خطّے اور دنیا کو ایک بڑی جنگ کے دہانے سے نکالا جا سکے۔ جناب گُتریس نے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل نے ہوائی حملے کر کے یو این چارٹر سمیت بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے۔ انہوں نے ایران کے جوابی حملوں کی بھی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ انہوں نے بحرین، عراق، اردن، کویت، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے اقتدار اعلیٰ اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی کی ہے۔ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی ہنگامی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جناب گُتریس نے کہا کہ کشیدگی کو مزید روکنے کیلئے ہر قدم اُٹھایا جانا چاہیے۔×

Jaishankar Gulf FMs

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے خطّے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر کل کئی خلیجی ملکوں کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ مذاکرات کیے، جس میں سفارتکاری اور بات چیت کے ذریعے کشیدگی کو کم کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔

ڈاکٹر ایس جے شنکر نے متحدہ عرب امارات کے وزیر خارجہ شیخ عبداللہ بن زائد النہیان کے ساتھ خلیج کی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت کو بڑھتی ہوئی کشیدگی اور صورتحال پر تشویش ہے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرہان کے ساتھ گفتگو کی اور بات چیت کے دوران خلیج کی موجودہ صورتحال کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا۔

وزیر خارجہ نے خطّے میں امن کے سلسلے میں بھارت کے مفاد پر زور دیا اور بھارتی کمیونٹی کے تحفظ کے بارے میں بھی گفتگو کی۔

وزیر خارجہ نے قطر کے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمٰن بن جسیم الثانی کے ساتھ بھی کل شام میٹنگ کی تھی۔ اُنہیں قطر کی صورتحال کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وہ بھارتی کمیونٹی کے لوگوں کی حفاظت کے بارے میں اُن کی یقین دہانی کی قدر کرتے ہیں۔

ڈاکٹر جے شنکر نے خطّے کے واقعات کے بارے میں بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبدالطیف بن راشد الزیانی کے ساتھ بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔

وزیر خارجہ نے کویت کے اپنے ہم منصب Sheikh Jarrah Jaber Al-Ahmad Al-Sabah کے ساتھ بھی گفتگو کی اور اُنہیں کویت میں سہ پہر کے وقت تازہ ترین صورتحال سے واقف کرایا گیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے بڑھتی ہوئی کشیدگی پر بھارت کی تشویش کے بارے میں بات کی۔×

Indian Embassies Advisories

مغربی ایشیاء میں بھارتی سفارتخانوں نے بھارتی شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ خطّے کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر جاری کی گئی ایڈوائزری پر عمل کریں۔

اسرائیل میں بھارتی سفارتخانے نے ایران میں رہ رہے بھارتی شہریوں سے کہا ہے کہ وہ اس سے پہلے جاری کی گئی ایڈوائزری پر عمل کریں اور بروقت امداد اور مواصلات کیلئے اس لِنک

indembassyisrael.gov.in/indian_national_reg

پر اندراج کرائیں۔

ایمرجنسی کی صورت میں وہ ساتوں دن 24 گھنٹے ہیلپ لائن 7520711 - 54 - 972+
اور 2428378 54 - 972+ یا ای-میل cons1.telaviv@mea.gov.in پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

تہران میں بھارتی سفارتخانے نے ایران میں رہنے والے بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ موجودہ صورتحال کے پیش نظر انتہائی احتیاط سے کام لیں۔ اُس نے بھارتیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بلا وجہ نقل و حمل سے گریز کریں اور جہاں تک ممکن ہو گھروں کے اندر رہیں اور صورتحال کی جانکاری کیلئے خبروں پر نظر رکھیں اور سفارتخانے سے مزید رہنمائی حاصل کریں۔ متحدہ عرب امارات، قطر، ملکِ شام، عراق، فلسطین، کویت، اردن اور بحرین میں بھی بھارتی سفارتخانوں نے بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ احتیاط برتیں اور غیر ضروری طور پر سفر سے گریز کریں اور موجودہ صورتحال کے پیش نظر حفاظت سے متعلق رہنماء خطوط پر سختی سے عمل کریں۔x

MOCA Flights Cancelled

شہری ہوابازی کی وزارت نے اعلان کیا ہے کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی کشیدگی کے مدِّنظر آج 444 پروازیں منسوخ کی جا سکتی ہیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت نے بتایا کہ شہری ہوابازی کی ڈائریکٹوریٹ جنرل، DGCA مسافروں کی سلامتی اور آپریشنل ضوابط کی تکمیل کیلئے ایئرلائنس کے ساتھ قریبی تال میل سے کام کر رہی ہے۔ ایران اور مشرقِ وسطیٰ کے حصوں پر فضائی حدود کی پابندی کی وجہ سے گذشتہ روز 410 پروازیں منسوخ کی گئی تھیں اور آج 444 پروازوں کے منسوخ ہونے کا امکان ہے۔

مسافروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہوائی اڈے روانہ ہونے سے پہلے پروازوں کی صورتحال معلوم کرلیں۔
شہری ہوابازی کی وزارت نے مزید کہا کہ ممکنہ روٹس کی تبدیلی سے نمٹنے اور مسافروں کی مدد کیلئے بڑے ہوائی اڈے آپریشنل الرٹ پر رہیں گے۔

وزارت نے یہ بھی کہا کہ سینئر افسران موقعے پر تعینات ہیں جو مسافروں کی مدد، ایئرلائنس کے ساتھ تال میل اور ٹرمنل پر بھیڑ کے بندوبست پر قریبی نگرانی رکھے ہوئے ہیں۔

مسافروں کی مدد کرنے والا وزارت کا کنٹرول روم، مسافروں کے مسائل پر نگاہ رکھے ہوئے ہے اور اُن کے جلد ازالے کو یقینی بنا رہا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Air India Flights

مغربی ایشیا میں موجودہ صورتحال کے مدِّ نظر ایئر انڈیا نے مغربی ایشیا کے سبھی مقامات کیلئے اپنی پروازیں آج رات گیارہ بج کر 59 منٹ تک کے لئے منسوخ کردیں۔ ایئر انڈیا نے اپنی ایڈوائزری میں کہا ہے کہ وہ پیشرفت پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور متعلقہ حکام کے ساتھ لگاتار رابطے میں ہے۔ ایئرانڈیا نے مزید کہا کہ مسافروں، عملے اور طیارے کی حفاظت اور سلامتی اولین ترجیح بنی ہوئی ہے اور صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے ضرورت کے مطابق مناسب آپریشنل فیصلے کیے جائیں گے۔ مزید معلومات کیلئے مسافر ویب سائٹ دیکھ سکتے ہیں یا کال سینٹر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ کال سینٹر کے نمبر ہیں:

+ 91 1169329333

اور

+ 91 1169329999

India Syria Advisory

دمشق میں واقع بھارتی سفارتخانے نے موجودہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں ملکِ شام میں سبھی بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، احتیاط برتیں، چوکس رہیں اور سفارتخانے اور شامی حکام کی جانب سے جاری کیے گئے رہنما خطوط اور مشوروں پر عمل کریں۔ اپنے بیان میں بھارتی سفارتخانے نے شام میں رہائش پذیر بھارتی شہریوں سے موبائل نمبر : 963-993385973 + یا سفارتخانے کی ویب سائٹ اور ای میل ایڈریس cons.damascus@mea.gov.in سے رابطے میں رہنے کو کہاہے۔x

TN Help Lines

تملناڈو حکومت نے خلیجی ممالک میں رہ رہے یا وہاں کا دورہ کر رہے ریاست کے لوگوں کیلئے ہیلپ لائن کا اعلان کیا ہے۔ ہیلپ لائن کے نئی دلی کنٹرول روم کے نمبرس ہیں:

011-24193300 اور 9289516712

غیرمقیم تمل افراد کی بہبود کے محکمے کا بھارت کیلئے نمبر ہے: 18003093793

اِس کے علاوہ اِن نمبروں پر مسڈ کالز بھی کی جا سکتی ہیں۔ نمبر ہیں: 918069009900

اور 918069009901

اسرائیل اور ایران کے درمیان اچانک کشیدگی کی وجہ سے چنئی سے دبئی، ابوظبی اور دوحہ جیسے مشرقِ وسطیٰ کے مقامات جانے والی متعدد پروازوں کو منسوخ کردیا گیا ہے۔x

Rev.PM TN-Puducherry

وزیر اعظم نریندر مودی آج تمل ناڈو اور پڈوچیری میں 7 ہزار ایک سو کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ وزیر اعظم راجستھان اور گجرات کے اپنے دورے کے بعد کل رات چنئی پہنچے ہیں۔

پڈوچیری میں جناب مودی آج صبح دو ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور انہیں قوم کے نام وقف کریں گے۔ وہ اس موقعے پر ایک جلسے سے بھی خطاب کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Bibin S Nath

اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم مرکز کے زیر انتظام علاقے میں بنیادی ڈھانچے، شہری خدمات، صنعتی ترقی، تعلیم، حفظانِ صحت اور پائیدار ترقی کو مستحکم بنانے کی غرض سے ایک ہزار 142 کروڑ 23 لاکھ روپے مالیت کے 19 پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ اِن میں پڈوچیری حکومت کے پی-ایم بَس سیوا پہل کے تحت ای-بسوں کو شروع کرنا، اسمارٹ سِٹی مشن کے تحت مربوط کمانڈ اور کنٹرول سینٹر کو شروع کرنا، معاشی طور پر کمزور طبقوں کیلئے مکان، پانی کی نکاسی کے اور پانی کی سپلائی کے پروجیکٹ شامل ہیں۔ وہ 750 ایکڑ میں Karasur-Sedarapet صنعتی اسٹیٹ قوم کے نام وقف کریں گے اور NIT کرائکل، JIPMER اور پڈوچیری یونیورسٹی کے بنیادی ڈھانچوں کے پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔

اس کے علاوہ جناب مودی پڈوچیری میں بنیادی ڈھانچے کی توسیع کیلئے ایک ہزار 571 کروڑ 73 لاکھ روپے مالیت کے 74 پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ پردھان منتری گرام سڑک یوجنا کے تحت اہم اقدامات میں دیہی سڑکیں، پانی کی سپلائی کی اسکیمیں، وراثتی شہر کی ترقی اور بجلی سیکٹر کے پروجیکٹ بھی شامل ہیں۔ وزیر اعظم، سری اربندو کی 150 ویں سالگرہ کے موقعے پر Auroville میں عالمی روحانی مہوتسو 2026 کا افتتاح بھی کریں گے۔ پڈوچیری میں اپنے پروگرام کے دوران وزیر اعظم مدورائی کیلئے روانہ ہو جائیں گے۔ اُن کے دورے کے پیش نظر پڈوچیری میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ ہوائی اڈّے پر تقریباً 3 پولیس کا عملہ تعینات کیا گیا ہے۔

لیفٹننٹ گورنر وزیر اعلیٰ، قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر، وزاراء، MPs، MLAs، حکومت کے سینئر اہلکار سیاسی پارٹیوں کے لیڈر، پڈوچیری اور آس پاس کے علاقوں کے جنرل پبلک کے ارکان کی بڑی تعداد اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

پڈوچیری سے ببن ایس ناتھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

پڈوچیری کے بعد وزیر اعظم آج سہ پہر تمل ناڈو کے شہر Madurai جائیں گے۔ Madurai میں جناب مودی 4 ہزار 400 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے بنیادی ڈھانچے کے کئی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد اور اُنہیں قوم کے نام وقف کریں گے، تاکہ تمل ناڈو میں نشریاتی خدمات کو مزید مستحکم بنایا جا سکے۔

وزیر اعظم Madurai میں NDA کی ایک ریلی سے بھی خطاب کریں گے۔ جناب مودی Madurai میں Tirupparankundram میں Arulmigu سُبرامنیا سوامی مندر میں درشن اور پوجا ارچنا کریں گے۔

Rev.Semi Connect Conference

الیکٹرونکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو آج گجرات کے گاندھی نگر کے مہاتما مندر میں گجرات سیمی کنکٹ کانفرنس 2026 میں حصہ لیں گے۔ سمِٹ کی افتتاحی تقریب میں گجرات کے وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل اور نائب وزیر اعلیٰ ہرش سنگھوی بھی موجود رہیں گے۔ کانفرنس کے تیسرے ایڈیشن میں عالمی صنعتی رہنما اور بین الاقوامی شراکت دار، لچک دار الیکٹرونک ایکوسسٹم کی تشکیل کیلئے یکجا ہوں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Aparna

اِس دو روزہ کانفرنس کیلئے آٹھ مختلف ممالک سے ڈھائی ہزار سے زیادہ رجسٹریشن ہوئے ہیں۔ ٹاٹا الیکٹرونکس، مائیکرون ٹیکنالوجی اور SEMI جیسی بڑی کمپنیاں، عالمی سپلائی چینج کو مستحکم کرنے کیلئے سمِٹ میں شرکت کر رہی ہیں۔ سمِٹ کے دوران اگلی نسل کے سیمی کنڈکٹر، ڈھولیرا میں عالمی درجے کی لوجسٹکس اور سیمی کنڈکٹر فائننسنگ میں گفٹ سٹی کے اہم رول پر خصوصی اہم مباحثے ہوں گے۔x

احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

ICC World Cup

مردوں کے ICC ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں کل رات Pallekele میں Super Eight گروپ دو کے میچ میں پاکستان، سری لنکا کو پانچ رن سے ہرانے کے باوجود عالمی کپ سے باہر ہو گیا ہے۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے پاکستان نے 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 212 رن بنائے۔ جواب میں سری لنکا 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 207 رن ہی بنا سکی۔ اس جیت کے باوجود پاکستان سیمی فائنل میں پہنچے میں ناکام رہا، جبکہ نیو زیلینڈ بہتر رن ریٹ کی بنیاد پر گروپ دو سے سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ سری لنکا سیمی فائنل سے پہلے ہی باہر ہو چکا ہے۔ انگلینڈ اپنے Super Eight کے تینوں میچ جیتنے کے بعد پہلے ہی سیمی فائنل میں پہنچ چکا ہے۔

آج شام سات بجے ایڈن گارڈن میں فائنل Super Eight کے مقابلے میں بھارت کا سامنا ویسٹ انڈیز سے ہوگا۔ اس میچ کا نتیجہ ٹورنامنٹ میں بھارت کی قسمت کا فیصلہ کرے گا۔ ایک اور Super Eight کے میچ میں سہ پہر تین بجے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میںجنوبی افریقہ کا مقابلہ زمبابوے سے ہوگا۔ ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ کے سیمی فائنل میچ اس ماہ کی 4 اور 5 تاریخ کو کھیلے جائیں گے، جبکہ 8 مارچ کو فائنل کھیلا جائے گا۔x

AP Explosion

آندھراپردیش میں Kakinada ضلع کے Vetlapalem گاؤں میں پٹاخے بنانے والے ایک کارخانے میں زوردار دھماکے کے نتیجے میں 20 افراد ہلاک اور 9 دیگر زخمی ہو گئے۔ مرنے والے بیشتر افراد میں روزانہ اُجرت پانے والے مزدور تھے، جو کارخانے میں کام کر رہے تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ دھماکہ لاپرواہی کی وجہ سے ہوا۔ اس کے علاوہ کارخانے میں دھماکہ حفاظتی ضابطے نہ اپنانے کی وجہ سے بھی ہوا۔ آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ چندرابابو نائیڈو نے ریاست کی وزیر داخلہ وی-انیتھا کے ساتھ حادثے کی جگہ کا دورہ کیا اور ضلع حکام کے ساتھ صورتحال کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ نے مرنے والے مزدور کے ہر کنبے کو 20-20 لاکھ روپے کی مالی امداد کا اعلان کیا ہے، جبکہ مرکزی حکومت بھی دو-دو لاکھ روپے فراہم کرے گی۔x

Railway Holi Inspection

ہولی کے تہوار کے دوران مسافروں کو آرام دہ سفر سے متعلق سہولیات فراہم کرنے کیلئے شمالی ریلوے کے جنرل منیجر راجیش کمار پانڈے نے کل نئی دلی اور آنند وہاں ٹرمنل اسٹیشنوں کا جائزہ لیا۔ اس جائزہ کا بنیادی مقصد تہوار کے موقع پر بھیڑ کو قابو کرنے کے نظام کے اعلیٰ معیار، مسافروں کی حفاظت اور صفائی ستھرائی کو یقینی بنانا ہے۔

اس جائزے کے دوران جنرل منیجر نے بلیٹ فارمر اور اسٹیشن کے احاطے میں موجود مسافروں سے براہِ راست بات چیت کی۔ شمالی ریلوے نے ایک بیان میں کہا کہ مسافروں ہولی کے تہوار سے متعلق کئے گئے انتظامات اور خصوصی طور پر منظّم ہولڈنگ Areas، صفائی ستھرائی اور سیکیورٹی سے متعلق انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔x

Must Announcement People's Padma

آکاشوانی نیوز،نئی سیریز کی شروعات کر رہا ہے، جس کا نام ہے : People's Padma on Akashwani

اِس سیریز کے تحت سال 2026 میں پدم انعام پانے والوں سے بات چیت کی گئی۔ سیریز کی پہلی قسط میں سائنس اور انجینئرنگ کے شعبے میں اپنے گرانقدر تعاون کے بدلے پدم شری سے سرفراز کیے گئے IIT مدراس کے ڈائریکٹر، پروفیسر وی کاما کوٹی سے بات چیت نشر کی جائے گی۔

Promo Must Announcment

اِس پوڈکاسٹ کو آج شام 5 بج کر 10 منٹ پر سو اعشاریہ ایک پر آکاشوانی گولڈ پر سنا جاسکتا ہے۔ وہیں، یہ نشریہ، NewsonAir ایپ اور NewsonAirOfficial یوٹیوب چینل پر بھی سنا جاسکتا ہے۔x

AI Summit Reactions IT Sector

مصنوعی ذہانت AI کمپیوٹنگ کی صلاحیت کو مضبوط بنا کر، Cloud خدمات کو فروغ دے کر اور Data Processing میں اعلیٰ کارکردگی کو فروغ دے کر انفارمیشن ٹکنالوجی اور Data Infrastucture Sector میں تبدیلی لانے والا کردار ادا کر رہی ہے۔

حال ہی میں نئی دلّی میں اختتام پذیر ہوئے انڈیا اے آئی امپیکٹ سمٹ 2026 میں یہ اُجاگر کیا گیا کہ کس طرح Advanced Data Centres GPU Powered Cloud Platforms اور اے آئی سے چلنے والا بنیادی ڈھانچہ بھارت میں ڈیجیٹل تبدیلی لا رہا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے

Yotta Data Services Private Limited کے Sunil Sarohar نے کہا کہ Yotta ایک خود مختار ڈیٹا سینٹر کمپنی ہے، جو بنیادی ڈھانچے کے حل فراہم کرتی ہے، جو کمپیوٹ ہوسٹنگ کیلئے بنیادی ڈھانچے کا کام کرتی ہے۔

S/B Sunil Sarohar

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی

شکریہ -آسیہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملہ کرنے اور ایران کے جوابی حملوں کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے: امریکہ اور اسرائیل کا ایران پر مشترکہ حملہ، 201 افراد ہلاک

روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی ہے: اسرائیل حملے میں ایرانی وزیر دفاع اور افسران کے علاوہ 53 طالبات کی موت۔

وہیں روزنامہ پرتاپ کی اہم خبر ہے: ایئر انڈیا اور انڈگو نے مشرق وسطیٰ کی سنگین اور دھماکہ خیز صورتحال کے پیشِ نظر اپنی تمام پروازیں منسوخ کردیں۔ اس سلسلے میں دیگر اہم خبریں اس طرح ہیں:

☆ ایران میں متعدد نیوز ویب سائٹس ہیک اور انٹرنیٹ خدمات معطل۔

☆ سعودی عرب، قطر اور فرانس کا فوراً کشیدگی کو ختم کرنے پر زور۔

☆ امریکہ اور اسرائیل، ایرانی حکومت کو ختم کرنا چاہتے ہیں: روس

☆ ایران اور اسرائیل میں بھارتی سفارخانوں نے ایمرجنسی نمبر جاری کیے۔

روزنامہ پرتاپ نے قومی سائنس ڈے کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی کے بھارت کی سائنسی کامیابیوں کو سراہنے اور ملک بھر میں تحقیق اور جدت کو مضبوط بنانے کیلئے حکومت کے عزم کے اعادہ کرنے کی خبر کو صفحۂ اول پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے ہفتے کو نائب صدرِ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن کے دلی یونیورسٹی کے جلسۂ تقسیم کے اسناد سے خطاب کی خبر کو صفحۂ اول پر شائع کیا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر نے کہا کہ ڈگری صرف سند نہیں بلکہ یہ ایک عہد ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنٰی ای کی امریکی اسرائیلی ہوائی حملوں میں موت ہوگئی ہے۔ ایران میں 40 دن تک سرکاری سوگ کا اعلان کیا گیا ہے۔

2- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کئی خلیجی ملکوں کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ بات چیت کی ہے۔ انہوں نے مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے کشیدگی کم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

3 - مغربی ایشیاء میں بھارتی سفارتخانوں نے، بھارتی شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اُن کی طرف سے جاری کی گئی ایڈوائزری پر عمل کریں۔

4- شہری ہوابازی کی وزارت نے اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر آج 444 پروازیں منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔

5- وزیر اعظم نریندر مودی آج تمل ناڈو اور پڈوچیری میں 7 ہزار ایک سو کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

6- پاکستان، سری لنکا سے میچ جیتنے کے باوجود ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ سے باہر ہوگیا ہے، جبکہ نیو زیلینڈ سیمی فائنل میں پہنچ ہوگیا ہے۔

7- اور آج شام کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں اپنے فائنل Super Eight مقابلے بھارت ویسٹ انڈیز کا مقابلہ کرے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------